ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (544)

11.10.2023

**بہاولپور( )ڈی پی اوسید محمد عباس کا اوچشریف کا وزٹ، اہل علاقہ کی بڑی تعداد جمع، پرتپاک استقبال کیا۔بہاولپور پولیس زندہ باد کے فلک شگاف نعرے۔ڈی پی اوسید محمد عباس، ڈی ایس پی احمد پورشرقیہ فرخ جاویداور ایس ایچ اوتھانہ اوچشریف محمد مسلم ضیا پانچ بہنوں کے اکلوتے بھائی کے گھر پہنچ گئے۔جس کو دوران واردات ڈاکوؤں نے بے رحمی سے قتل کر دیا تھا۔عوام کے جان و مال کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے گا،جرائم پیشہ عناصر کو واضح پیغام۔**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی اوسید محمد عباس کا اوچشریف کے وزٹ کے موقع پر اہل علاقہ کی بڑی تعداد جمع، پرتپاک استقبال کیا۔ بہاولپور پولیس زندہ باد کے فلک شگاف نعرے، پھولوں کے ہار پہنائے اور گل پاشی کی۔ڈی پی اوسید محمد عباس، ڈی ایس پی احمد پورشرقیہ فرخ جاویداور ایس ایچ اوتھانہ اوچشریف محمد مسلم ضیا پانچ بہنوں کے اکلوتے بھائی کے گھر پہنچ گئے۔جس کو دوران واردات ڈاکوؤں نے بے رحمی سے قتل کر دیا تھا۔واضح رہے کہ اسی واردات کے اوچشریف پولیس کے پاس دوملزمان ڈکیتی معہ قتل کے مقدمات میں جسمانی ریمانڈ پر موجود تھے جن سے آلہ قتل کی ریکوری کی جانی تھی۔ پولیس ٹیم ملزمان کو لیکر اسلحہ برآمدگی کے لیے گئی اور ) آلہ قتل 2 (پسٹل برآمد کرنے کے بعد واپس آرہی تھی کہ اسی دوران پولیس پر 7/8 نقاب پوش گرفتار ملزمان کے ساتھیوں نے جان لیوا اندھا دھند فائرنگ کر دی۔پولیس نے بھی حفاظت خود اختیاری کے تحت رکاوٹوں کا سہارا لیتے ہوئے دو چار جوابی فائر کیے۔فائرنگ رکنے کے بعد دیکھا تو گرفتار 2 ڈاکو اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہو چکے تھے۔حملہ آور نامعلوم ملزمان فائرنگ کرتے ہوئے اور اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے دوڈکیتی شدہ 125 موٹر سائیکل بھی موقع پر پھینک فرار ہو گئے۔پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی، علاقے کو گھیر لیا۔نامعلوم الاسم ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کے تلاش شروع کر دی۔ہلاک ہونے والے گرفتار ملزمان میں ذوالفقار پر 28 جبکہ محمد حنیف پر 38 قتل، ڈکیتی و راہزنی جیسی سنگین وارداتوں کے بہاولپور سمیت دیگر اضلاع میں بھی مقدمات درج تھے اور متعدد میں چالان ہو چکے تھے۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر نے اس موقع پر اہل علاقہ اور میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ بہاولپور پولیس آپکے غم میں برابر کی شریک ہے۔8 خواتین کا اکلوتا سہارا جس میں مرحوم کی پانچ بہنیں بھی شامل ہیں کے قتل کے بعد تب تک سکون محسوس نہیں کیا جب تک ملزمان پکڑے نہیں گئے۔ملزمان اپنی موت آپ مر گئے۔بہاولپور پولیس کی طرف سے زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی گئی ہے۔جرائم پیشہ افراد کیلئے واضح پیغام ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ بہاولپور کے شہریوں کے جان و مال کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔

**ترجمان پولیس بہاولپور**



بہاولپور:ڈی پی اوسید محمد عباس، ڈی ایس پی احمد پورشرقیہ فرخ جاویداور ایس ایچ اوتھانہ اوچشریف محمد مسلم ضیا قتل ہونے والے پانچ بہنوں کے اکلوتے بھائی کے گھر پہنچ گئے۔اہل علاقہ کا اس موقع پر پرتپاک استقبال، جبکہ دوسری جانب اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ملزمان